روزنامہ پرواز
لاہور
فیصل آباد
جمعرات 24 نومبر 2022ء 28 ربیع الثانی 1444ھ




# وفاقی محتسب کے ایڈوائزر کا شکایات پر ریلوے اسٹیشن کا دورہ

## فیصل آباد ریلوے مسافروں کو بہترین سفری سہولیات بہم پہنچانے کیلئے دن رات کوشاں ہے

### چونکہ ریلوے اس وقت شدید مالی مسائل اور خصوصاً حالیہ سیلاب کے باعث پہنچنے والے نقصان کی وجہ سے کچھ پریشانیوں کا شکار ہے

فیصل آباد (اے پی پی): وفاقی محتسب اسلام آباد کی جانب سے عوامی شکایات کا نوٹس لئے جانے پر ان کے ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی نے فیصل آباد ریلوے سٹیشن کا دورہ کیا اور ریلوے کی کارکردگی، انتظامی معاملات، مسافروں کے مسائل و سہولیات بارے کئے گئے اقدامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر وفاقی محتسب ریجنل آفس فیصل آباد کے اسسٹنٹ رجسٹرار یاسر شبیر ملک اور دیگر حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ایڈوائزر وفاقی محتسب نے ریلوے سٹیشن انتظامیہ سے تفصیلی بات چیت کی جس میں انہیں فیصل آباد ریلوے کی کارکردگی، مسائل اور مسافروں کو دی جانے والی تمام سہولیات کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ ایڈوائزر وفاقی محتسب کو سلمان خالد اسسٹنٹ آپریٹنگ آفیسر، سٹیشن سپرنٹنڈنٹ یونس بھٹی و دیگر افسران نے ریلوے فیصل آباد کے تمام انتظامی معاملات و اہم محکمانہ امور بارے بریف کرتے ہوئے بتایا کہ فیصل آباد ریلوے مسافروں کو بہترین سفری سہولیات بہم پہنچانے کیلئے دن رات کوشاں ہے تاہم چونکہ ریلوے اس وقت شدید مالی مسائل اور خصوصاً حالیہ سیلاب کے باعث پہنچنے والے نقصان کی وجہ سے کچھ پریشانیوں کا شکار ہے لیکن ان پر جلد قابو پا لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب کے باعث کئی مقامات پر ریلوے ٹریکس کو شدید نقصان پہنچنے سے اکثر اہم ٹرینوں کی آمد و رفت بری طرح متاثر ہوئی ہے جس کے باعث ٹرینوں کی تعداد میں کمی سے جہاں مسافروں کو سفری مشکلات کا سامنا کرنا پڑا وہیں ریلوے کے ریونیو میں بھی کمی آئی ہے۔ انہوں نے ایڈوائزر وفاقی محتسب کو فیصل آباد ریلوے سے حاصل ہونیوالی آمدنی اور اخراجات کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ بحالات بالا فیصل آباد ریلوے اس وقت خسارے میں چل رہا ہے جس کے باعث نہ صرف مسافر بلکہ ریلوے ملازمین بھی مسائل کا شکار ہیں۔ ایڈوائزر وفاقی محتسب نے ریلوے سٹیشن کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے وہاں موجود مسافروں سے انکے مسائل دریافت اور موقع پر ریلوے انتظامیہ کو انکے حل کیلئے احکامات جاری کئے۔ ریلوے انتظامیہ نے ایڈوائزر موصوف کو ریلوے محصولات کے بارے میں بتایا کہ ریلوے فریٹ سے ریلوے کو 66 فیصد جبکہ مسافر ٹرینوں سے 34 فیصد کے لگ بھگ آمدنی حاصل ہوتی ہے۔ ایڈوائزر شاہد جیلانی نے اس دوران ریلوے انتظامیہ کو مسافروں کے مسائل کے حل اور انہیں دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے بہترین سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔